© rasailojaraid.com



# لٹیرے ایک بار پھر آپ کی دہلیز پر

اے اہل وطن!

اسمبلیوں کی تحلیل کے بعد پوری قوم پھر ایک چوراہے پر کھڑی ہے۔ جمہوریت کے نام پر قوم کو ایک مرتبہ پھر کنگال کرنے اور غریب و بیکس عوام کے منہ سے آخری تر نوالہ چھیننے کے لئے انسان نما خونخوار جنگلی درندے، اسمبلیوں میں بیٹھنے والے "مجلس ابلیس" کے ارکان، نام نہاد معززین و شرفا آپ کو لوٹنے کے ایک نئے دورانیے کا آغاز کر رہے ہیں ایک بار پھر وہی مکروہ چہرے بڑی معصومیت اور بھولپن کا روپ دھار کر ووٹ کی خاطر آپ کی دہلیزوں پر قدم بوس ہو رہے ہیں۔

یاد رکھیئے!

ان جمہوریت زادوں نے اسمبلیوں میں بیٹھ کر شعائر اللہ کی توہین کی ہے۔ توہین رسالت کے مجرموں کو بری قرار دلوا کر بیرون ملک فرار کرایا ہے۔ ان کے ہاتھ مالاکنڈ میں نفاذ شریعت کا مطالبہ کرنے والے مسلمانوں کے خون بے گناہی سے رنگین ہیں۔ انہوں نے قادیانیوں، عیسائیوں، دین دشمن تحریکوں، یہود و نصاریٰ کے ایجنٹوں کو کھلی چھٹی دی۔

ابلیس کے ان فرزندوں نے ذرائع ابلاغ سے فحاشی و عریانی اور بے حیائی کو عام کیا۔ اسمبلیوں کے ایوان ان کی آپس میں غلیظ گالم گلوچ، دھینگا مشتی، دنگا فساد اور دھما چوکڑی کی آوازوں سے معمور ہیں تو دوسری طرف اسمبلیوں کے ہاسٹل ان کے شراب و شباب کی کہانیاں بیان کرتے نظر آتے ہیں۔

ان ظالم جاگیرداروں، وڈیروں کے پنجۂ ستم سے کسی غریب کی عزت، آبرو اور مال محفوظ نہیں۔ ان کے ڈیروں میں حوا کی بیٹی کی سسکیاں اور چیخیں آج بھی دبی ہوئی ہیں۔

ان ویل سولائزڈ لٹیروں نے تین سال تک قومی خزانے کو خوان یغما سمجھ کر لوٹا ہے۔ بلکہ پچاس سال سے لوٹ رہے ہیں۔ ان کا پیشہ آبا ہی ہے۔ ان کی شاہ خرچیوں اور اللوں تللوں میں آپ کے خون پسینے کی کمائی پر لگنے والے بھاری ٹیکسوں سے جمع ہونے والا قومی خزانہ پانی کی طرح بہایا جاتا ہے۔ نتیجتاً آج پوری قوم آئی ایم ایف کی غلام بے دام ہے۔

ملک میں قتل و غارت گری، ڈاکہ و چوری، شراب و زنا کی نوے فیصد وارداتوں کے پیچھے آپ کے منتخب کردہ اراکین اسمبلی ہوتے ہیں۔ جن کے نزدیک عوام مچھر مکھی کے برابر بھی حیثیت نہیں رکھتے۔ ان تمام اعمال بد میں حزب اقتدار و اختلاف برابر شریک ہے۔

اور ہاں، دھیان رہے!



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

موجودہ الیکشن میں کچھ مذہبی جماعتیں بھی اپنے "ٹھرک" سے مجبور ہو کر اسلام کے نام پر اسلام کو بدنام کرنے کے لئے میدان میں آ رہی ہیں۔

خدارا!

(۳) فروری کو ہونے والے اس الیکشن ڈرامے میں ان ظالموں، فاسقوں، فاجروں، ملک و ملت اور دین کے دشمنوں کو ووٹ دے کر کامیاب مت کریں بلکہ جمہوریت جیسے اس کفر ساز و کفر پرور، مشرکانہ اور انسانیت دشمن نظام پر ہزار لعنت بھیج کر الیکشن کا مکمل بائیکاٹ کیجیئے اور اپنے اپنے مقامات پر اجتماعی و انفرادی توبہ کا اہتمام کیجیئے۔ صدقات و نوافل ادا کریں اور اللہ کے حضور ملک و ملت کی سلامتی کے لئے دعائیں کریں۔

مجلس احرار اسلام اپنے عقائد و افکار کی روشنی میں یہ سمجھتی ہے کہ وطن عزیز پاکستان کا قیام و بقاء اور استحکام حکومت الٰہیہ کے قیام و نفاذ میں ہے۔ جب تک موجودہ باطل جمہوری نظام کو ختم کر کے اللہ و رسول ﷺ کے عطا کئے ہوئے نظام "اسلام" کو نافذ نہیں کیا جائیگا تب تک ہم اقتصادی و معاشی، معاشرتی اور تہذیبی سطح پر کہیں بھی کامیاب قوم کا کردار ادا نہیں کر سکتے۔

احرار آپ کو دعوت دیتے ہیں کہ آئیے ہماری اس دینی و قومی جدوجہد میں شریک ہو کر باطل و فرسودہ، مشرکانہ جمہوری نظام اور یہود و نصاریٰ کی ایجنٹ قوتوں کے خلاف جدوجہد کیجیئے۔ ارض پاک کو اسلام کا نظریاتی، تہذیبی اور امن و سکون کا گہوارہ بنائے۔ صرف تبلیغ اور جہاد کے راستے سے نفاذ اسلام کی جدوجہد کیجیئے۔ اللہ آپ کا حامی و ناصر ہو۔ (آمین)

(بقیہ از ص ۳۹)

برکت کی دعائیں کریں فوت شدہ والدین رشتہ داروں اور تمام مسلمانوں کے لئے مغفرت و بخشش کی دعائیں کریں اللہ تعالیٰ ہم سب کو دنیا و آخرت میں کامیاب کرے اور قیامت کے دن حضور ﷺ کی شفاعت نصیب فرمائے آمین ثم آمین


## اپنے عطیات اور زکواۃ و صدقات مدرسہ معمورہ ملتان

کو عنایت فرمائیں مدرسہ میں رہائش پذیر طلباء کے اخراجات اور نئی درسگاہوں اور رہائشی کمروں کی تعمیر کے لئے اہل خیر حضرات فوراً توجہ فرمائیں

ترسیلِ زر کا پتہ

بذریعہ منی آرڈر:۔ سید عطاء المحسن بخاری۔ مہتمم مدرسہ، دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان فون: 511961

بذریعہ بنک:۔ اکاؤنٹ نمبر 29932، حبیب بنک حسین آگاہی ملتان




© rasailojaraid.com